اقبال اور انسانیت

سوال نمبر ۱۔ صالح زندگی کی تعمیر کیلئے اقبال نے کس بات کو ضروری قرار دیا ہے؟

جواب۔ صالح زندگی کی تعمیر کے لئے اقبال نے خودی کو ضروری قرار دیا ہے اور اپنی خودی کے ساتھ ساتھ دوسروں کی خودی کا احترام کرنا بھی بے حد ضروری ٹھہرایا ہے۔ یہ دونوں شرطیں اچھی اور بامقصد زندگی کے لئے بہت ہی ضروری ہیں۔

جب تک ہم رواداری کو اپنی کشتی کا بادبان نہ بنائیں گے تب تک ہماری اپنی زندگی پھل پھول نہیں سکتی۔ اس عقیدے کی روشنی میں اقبال نے انسان کے بلند مقام کو پہچانا، اسے ایک پُر امید اور حوصلہ آفرین پیغام دیا۔

سوال نمبر 2۔ "خودی" سے کیا مُراد ہے؟

جواب۔ اقبال کے نزدیک "خودی" خود شناسی اور معرفت نفس ہے۔ جب انسان اپنے آپ کو سمجھے تو دوسروں کا احترام کرنے لگتا ہے یا دوسرے لوگوں یا قوموں کے ساتھ تعلقات استوار کرسکتا ہے اس کو "خودی" کہتے ہیں۔ اپنا احترام کرنا خودی کا ایک حصہ ہے اور دوسروں کا احترام کرنا خودی کی دوسری خوبی ہے۔

Scanned with CamScanner

سوال نمبر 3۔ دُنیا آجکل کس خطرے کی زد میں ہے ؟

جواب) دُنیا آجکل جس خطرے کی زد میں ہے وہ یہ ہے کہ انسانوں کے درمیان دُشمنی اور نفرت کی دیواریں کھڑی کی جا رہی ہیں جس سے زندگی کا خوبصورت نقشہ بگڑ گیا ہے اور بدصورت بن گیا ہے - رنگ، نسل، ذات پات اور مُلک کے نام پر انسان الگ الگ خانوں میں تقسیم ہوئے ہیں - آج کی دُنیا میں قوم کا نام لے کر فرقہ پرستی کو ہوا دی جا رہی ہے - ایک قوم والے تعصّب کا شکار ہو کر دوسری اقوام سے نفرت کرتے ہیں -
علم کے ہتھیار سے آدمی تباہی پھیلا رہا ہے - انسانیت ہتھیاروں کی زد میں ہے

سوال نمبر 4۔ اقبال کی شاعری کے بنیادی فکری پہلو کیا ہیں -

جواب) "اقبال اور انسانیت" مضمون میں خواجہ غلام السیدین نے اقبال کی شاعری اور اس کے چند بنیادی فکری پہلوؤں کی وضاحت کی ہے - ان میں نوع انسان کی وحدت، احترام خودی، رواداری اور انسان دوستی کے پہلو قابل ذکر ہیں - اقبال بہتر انسان کی تلاش میں ہے جس کے دم سے یہ دُنیا خوبصورت بن سکتی ہے - اقبال نے اپنی شاعری میں جگہ جگہ نہایت دلکش انداز میں اس دل و دماغ کے انسان کی تصویر کشی کی ہے جو رنگ و نسل، ذات پات جیسے بناوٹی اختلافات کو بالکل پسند نہیں کرتا ہے - جو انسان کے درمیان اتفاق کی حقیقت کو دیکھ اور سمجھ سکتا ہے - یہ بہتر انسان ساری دُنیا کو مالک کُل کا ایک بڑا مُلک مانتا ہے اور اس میں رہنے والے ہر شخص کو ایک ہی خاندان کا فرد سمجھتا ہے وہ انسانوں کے درمیان فرق تسلیم نہیں کرتا -

Scanned with CamScanner

سوال نمبر ۵ ۔ انسان اور انسانیت کی فلاح کیلئے اقبال کا کیا پیغام ہے؟

جواب) انسان اور انسانیت کی فلاح کے لیے اقبال نے رواداری، محبت اور انسان دوستی کا پیغام دیا۔

بنی نوع انسان اپنے دل و دماغ کے دروازوں کو کھول دے تاکہ تعصب، تنگ نظری اور نسلی حسد کے جالے صاف ہو جائیں تاکہ انسان کو انسان اس کے اصلی روپ میں دیکھ سکے۔ انسان ایک دوسرے کا خون پینے کے بجائے ایک دوسرے کے دُکھ سکھ کے ساتھی بن سکیں۔